شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

3 جنوری 2025ء

پریس ریلیز

شدید سردی میں غزہ کے مسلمانوں کے کیمپوں اور ہسپتالوں پر مسلسل اسرائیلی بمباری انسانیت سوز جرم ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): شدید سردی میں غزہ کے مسلمانوں کے کیمپوں اور ہسپتالوں پر مسلسل اسرائیلی بمباری انسانیت سوز جرم ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا میں بتائے جانے والے اعداد و شمار کے مطابق 7 اکتوبر 2023ء سے غزہ پر جاری مسلسل اسرائیلی بمباری سے 46 ہزار سے زائد مسلمان شہید ہو چکے ہیں، جن میں اکثریت بچوں، عورتوں اور بوڑھوں پر مشتمل ہے۔ ایک لاکھ سے زائد افراد شدید زخمی ہیں جن کو جان بچانے کی بنیادی سہولیات بھی میسر نہیں کیونکہ صہیونی فوج غزہ کے تقریباً تمام ہسپتالوں کو تباہ کر چکی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ حال ہی میں قابض صہیونی فوج نے شمالی غزہ میں کمال عدوان ہسپتال پر شدید بمباری کر کے ایک مرتبہ پھر ثابت کر دیا ہے کہ اسرائیل کے نزدیک مسلمانوں بلکہ یہودیوں کے علاوہ کسی دوسرے فرد کی زندگی کی کوئی اہمیت نہیں۔ پھر یہ کہ ایک طرف غزہ اور لبنان سمیت دنیا کے کئی خطوں میں مسلمانوں کو بدترین درندگی کا نشانہ بنایا جا رہا ہے تو دوسری طرف پاکستان سمیت کئی مسلم ممالک میں سالِ نو کا جشن منایا جانا بے حمیّتی کی انتہا ہے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ اب جب کہ پاکستان کو اقوام متحدہ کی سیکیورٹی کونسل کے غیر مستقل رکن کی حیثیت حاصل ہو گئی ہے اور اگرچہ یہ بات اپنی جگہ ایک حقیقت ہے کہ سیکیورٹی کونسل میں امریکہ اور دیگر اسرائیل نواز مستقل اراکین ہر ایسی قرارداد کو ویٹو کر دیتے ہیں جس میں اسرائیلی درندگی اور انسانیت کے خلاف جرائم کا تذکرہ ہو، لیکن اس کے باوجود پاکستان کا سفارتی اور اخلاقی فرض ہے کہ اس فورم پر مقبوضہ فلسطین، مقبوضہ کشمیر، میانمار، شمالی سوڈان، صومالیہ اور ہر اس مسلم ملک کے حق میں مستقل آواز بلند کرے اور نتیجہ سے قطع نظر ظلم کو روکنے کے لیے مسلسل قراردادیں پیش کی جائیں۔ حقیقت یہ ہے کہ جب تک مسلمان ممالک متحد ہو کر طاغوتی قوتوں کے ظلم کے خلاف آواز بلند نہیں کرتے اور عملی اقدامات نہیں اٹھاتے، جرمِ ضعیفی کی سزا ان کا مقدر بنی رہے گی۔ لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ مسلمان ممالک یک آواز ہو کر اور کھل کر طاغوتی قوتوں کو عملی اقدامات کی دھمکی دیں تاکہ دنیا بھر کے مظلوم مسلمانوں کی دادرسی بھی ہو سکے اور قیامت کے روز اللہ تعالیٰ کے حضور اس معاملے میں جوابدہی سے بھی بچا جا سکے۔

جاری کردہ

رضاء الحق

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان